روکے کہتي تھي زینب یہ رن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

روکے کہتي تھي زینب یہ رن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا
سر کٹا کے پڑا ھے تو رن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

تیرے لاشے کو کیونہ کر اٹھاؤنہ سر پہ چادر نہیں جو بچھاؤنہ
خاك صحرا بھري ھے بدن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

رونے دیتے نہیں غم زدونہ کو مارتے لعیں ھم سبھونہ کو
پیٹیں کیونہ کربندھے ھیں رسن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

خون جاري رگونہ سے ھوا ھے گویا دریا لھو کا بہا ھے
زخم کاري لگے ھیں بدن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

ھم کو امة نے کیسا ستایا پیش حاکم کھلے سر بلایا
اور علي کو رلایا کفن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

کیا قیامة کي ھے ھے گھڑي ھے پیش حاکم سکینہ کھڑي ھے
سر تمھارا دھر ھے لگن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا

اے انیس اب اڑھا خاك رو کر چھپ گئي ھائے وہ لاش سرور
چاند زھرا کا آیا گھن میں ھائے زھرا کے پیارے حسینا